زیر نظر کتاب دارالعلوم نعمانیہ گوجرانوالہ کے "سلسلہ تبلیغ و اشاعت" کی سترہویں تالیف ہے اور یہ کتابیں غیر اسلامی تعلیم یافتہ فرزندان اسلام اور غیر مسلموں کی رہنمائی کے لئے شائع کی جاتی ہیں جہاں تک اس مقصد کا تعلق ہے، اس کے نیک اور بابرکت ہونے میں کسے کلام ہوگا۔ لیکن اگر دارالعلوم مذکورہ تبلیغ اسلام کے لئے اسی طرح کی کتابیں شائع کر رہا ہے، جیسی کہ یہ ہے تو ہمیں اس کوشش کے مفید و موثر ہونے میں شک ہے۔

کتاب پر قیمت نہیں۔ ضخامت ..۸ صفحات ناشر شعبۂ نشر و اشاعت دارالعلوم نعمانیہ۔ گوجرانوالہ

## قرآن پاک اور آسمانی کتابیں

اس کتاب میں کتاب اللہ اور احادیث شریفہ کے انوار میں علم و سائنس کے ظاہر کردہ معلومات کا سراغ لگانے اور ان کو جانچنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ خلاء، ماوراء خلا اور افلاک و سماوات کے بارے میں جو انکشافات ہو رہے ہیں، ان کا قرآن پاک اور احادیث شریفہ کے ارشادات سے تصادم نہیں ہوتا۔

مصنفہ معین الدین رہبر فاروقی صفحات ۲۲۴۔ قیمت ۳ روپے

ملنے کا پتہ { محمد رحیم الدین ایڈوکیٹ۔ ۸۵/۷ پیر الٰہی بخش کالونی۔ کراچی ۵
مؤلف سے بیرون یاقوت پورہ حیدرآباد دکن۔ انڈیا۔ }

## لمحات (عربی)

حضرت شاہ ولی اللہ کے فلسفۂ تصوف کی یہ بنیادی کتاب عرصے سے نایاب تھی۔ مولانا غلام مصطفٰی قاسمی کو اس کا ایک پرانا قلمی نسخہ ملا موصوف نے بڑی محنت سے اس کی تصحیح کی اور شاہ صاحب کی دوسری کتابوں کی عبارات سے اس کا مقابلہ کیا اور وضاحت طلب امور پر تشریحی حواشی لکھے۔ کتاب کے شروع میں مولانا کا ایک مبسوط مقدمہ ہے۔

قیمت دو روپے

**شاہ ولی اللہ اکیڈمی۔ صدر حیدرآباد (پاکستان)**